سوال

(266) عیدین کی تکبیرات کی صحیح تعداد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدین کی تکبیرات زوائد کی صحیح تعداد بارہ ہے یاچھ ؟ کیاچھ کےلیے بھی صحیح احادیث سے ثبوت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احادیث معتبرہ مرفوعہ اورآثارخلفاء راشدین سے عیدین کے نماز بارہ تکبیرات زوائد کے ساتھ ثابت ہے ، صرف چھ تکبیروں کے ساتھ ثابت نہیں ہے ۔تفصیل مرعاۃ المفاتیح 2 328۔341 میں ملاحظہ کیجئے ، فقد۔

(دستخط) عبیداللہ رحمانی مبارکپوری 9 11 1386ھ (محدث بنارس اگست 1997ھ)

آپ نے لکھاہے کہ عیدین میں تکبیرات زوائد کے محل کے متعلق اولی الاقوال کیاہے ؟اس کے متعلق نص بھی ہے ؟

سوال کامقصد بظاہر یہ معلوم ہوتاہے کہ تکبیرات زوائد قبل قراءت ہویابعد قرأت اوریہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ تکبیر تحریمہ کے بعد تکبیر زوائد قبل دعاء استفتاح کہنی چاہیں یا بعد میں ؟

پہلے مسئلہ کے بارے میں مفصل بحث مرعاۃ دوم ص :338 میں اوردوسرے مسئلے کاذکر مرعاۃ دوم ص :342 میں موجود ہے ۔تکلف کرکے مرعاۃ دیکھ لیں ۔عبیداللہ رحمانی (نقوش شیخ رحمانی ص :60)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 423

محدث فتویٰ